علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

(درس نظامی پروگرام)

وارننگ

عزیز طلبہ !آپ یہ بات ذہن نشین کر لیں کہ

1۔اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفکیٹ یا ڈگری سے محروم ہو سکتے ہیں خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلہ پر ہو جائے۔

2۔کسی دوسرے طالب علم سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی "مواد کی چوری" Plagiarism پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔

کورس: تاریخ و تعارف اصول فقہ (2974) سمسٹر: خزاں، 2026

سطح: بی ایس علوم اسلامیہ

برائے مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے۔(ہدایات برائے طلباء ایسوسی ایٹ ڈگری، بی ایس، بی ایڈ، ایم اے، ایم ایس سی، ایم ایڈ، ایم فل اور پی ایچ ڈی)

1) تمام سوالات لازمی ہیں اور تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں البتہ سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔

2) سوالات کو توجہ سے پڑھیے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجیے۔۔سوال کے تمام اجزاء کا جواب دیں۔

3) ہاتھ سے تحریر شدہ یا سکین (scanned) امتحانی مشقیں قبول نہیں کی جائیں گی۔

4) ٹائپ کی گئی امتحانی مشقیں (word یا PDF فارمیٹ) میں LMS پر بروقت یا مقررہ تاریخ سے قبل اپ لوڈ کریں۔

5) مقررہ تاریخ کے بعد/تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اپ لوڈ نہ ہو سکیں گی جس کا ذمہ دار طالب علم ہی ہو گا۔

6) آپ کے تجزیاتی اور نظریاتی طرز تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔

7) غیر متعلقہ بحث/معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجیے۔

امتحانی مشق نمبر 1

(یونٹ: 01تا04)

کل نمبر: 100 | کامیابی کے نمبر: 50

سوال نمبر 1 فقہِ اسلامی کے پہلے دور کی نمایاں خصوصیات اور علمی اہمیت بیان کریں، نیز عہدِ صحابہٴ کرامؓ کے اہم فقہی مراکز کا تعارف پیش کریں۔

سوال نمبر 2 فقہ، اصولِ فقہ، دلیلِ تفصیلی و جزئی اور دلیلِ اجمالی کی وضاحت کریں اور ان کے باہمی فرق کو مثالوں کے ساتھ واضح کریں۔ (20)

سوال نمبر 3 فقہ اسلامی کے پہلے دور کی خوبیاں بیان کریں نیز دور صحابہ کے اہم فقہی مراکز پر نوٹ لکھیں۔ (20)

سوال نمبر 4 فقہِ حنفی کا تفصیلی تعارف پیش کرتے ہوئے اس کے بنیادی اصول، امتیازی خصوصیات اور فقہی منہج پر روشنی ڈالیں۔ (20)

سوال نمبر 5 عہدِ صحابہٴ کرامؓ میں قانون سازی کے طریقۂ کار کو تفصیل سے بیان کریں اور اس کے اہم مراحل کی وضاحت کریں۔ (20)

امتحانی مشق نمبر 2

(یونٹ: 05تا09)

کل نمبر: 100 | کامیابی کے نمبر: 50

سوال نمبر 1 مصالح کی مختلف اقسام بیان کریں، نیز تعارض، ترجیح اور نسخ کے اصول واحکام کی وضاحت کریں۔ (20)

سوال نمبر 2 مفہوم اور وجوہُ البیان سے کیا مراد ہے؟ نیز نسخ کی تعریف، اقسام اور متعلقہ احکام تفصیل سے بیان کریں۔ (20)

سوال نمبر 3 ادلۂ احکام سے کیا مراد ہے؟ ان کی ضرورت، اہمیت اور شرعی حیثیت پر تفصیلی بحث کریں۔ (20)

سوال نمبر 4 استصحاب اور نہی کی تعریف بیان کریں، نیز ان کی اقسام اور متعلقہ احکام کو تفصیل سے واضح کریں۔ (20)

سوال نمبر 5 واجب اور حرام کی تعریف بیان کریں، نیز ان کی مختلف اقسام اور متعلقہ احکام کی وضاحت کریں۔ (20)